اسلامیات (لازمی)	نہم، لاہور بورڈ، 2023ء	پہلا گروپ
وقت: 1.45 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 40

(حصہ اوّل)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) پیغمبر اسلام ﷺ کو کن دو لوگوں کا کہا ماننے سے منع کیا گیا ہے؟

(ii) سورۂ احزاب میں کن چار پیغمبروں سے عہد لیا گیا؟ ان کے نام لکھیے۔

(iii) ازواج النبی ﷺ کو کن احکام و آداب کی تلقین کی گئی؟

(iv) ختم نبوت کے بارے میں سورۂ احزاب کی ایک آیت کا ترجمہ لکھیے۔

(v) سورۂ احزاب کی روشنی میں چھونے سے قبل طلاق دینے پر عدت کا کیا حکم ہے؟

(vi) سورۂ احزاب میں ذکر کردہ حضور ﷺ کے چار القابات لکھیے۔

(vii) سورۂ احزاب کی روشنی میں کن لوگوں سے پردہ نہ کرنے کے بارے میں کوئی گناہ نہیں ہے؟

(viii) مسلمانوں کو کفار سے دوستی رکھنے سے کیوں منع کیا گیا ہے؟

(ix) نبی ﷺ کو عورتوں سے کن باتوں پر بیعت لینے کا کہا گیا؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) مخلوق خدا کی خدمت کے چار طریقے لکھیے۔

(ii) حج کے دو فوائد لکھیے اور یہ بھی لکھیے کہ حج کن لوگوں پر فرض ہے؟

(iii) بھاگتے دوڑتے جماعت میں شامل نہ ہونے کی کیا وجہ ہے؟

(iv) وضو کے چار فرائض لکھیے۔

(v) شکر ادا کرنے کے تین طریقے لکھیے۔

(vi) والدین کے کوئی چار فرائض لکھیے۔

(vii) جہاد کے کوئی سے دو اصول و ضوابط تحریر کیجیے۔

(viii) معاشرے میں بھائی چارے کی فضا کس طرح قائم کی جاسکتی ہے؟

(ix) اللہ تعالیٰ کے نزدیک فضیلت کا معیار تقویٰ ہے، وضاحت کیجیے۔

حصہ دوم

-4 درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ کیجیے۔ 8

(الف) يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَ لَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

(ب) اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

(ج) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

-5 درج ذیل حدیث کا ترجمہ اور مختصر تشریح کیجیے: 3

مَنْ اِغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

-6 معاشرہ کی شیرازہ بندی اور انتشار سے بچاؤ کے لیے نکاح کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کیجیے۔ 5

یا

انسانی حقوق اور حسن سلوک سے متعلق خطبہ حجۃ الوداع کے پانچ اہم نکات تحریر کیجیے۔

www.ilmkidunya.com